# نوزیبیلے اور تین بال

Tessa Welch
Wiehan de Jager
Samrina Sana
3
اردو ur

کافی عرصہ پہلے تین لڑکیاں لکڑیاں اکھٹی کرنے باہر نکلیں۔

وہ ایک گرم دن تھا اس لیے وہ نیچے دریا میں تیرنے چلی گئیں۔ وہ پانی میں کھلیں اور مل کر پانی اچھالا۔

اچانک اُنہیں احساس ہوا کہ کافی دیر ہو چکی ہے۔ وہ واپس گاؤں کی طرف بھاگیں۔

گھر کے قریب پہنچ کر نوزیبیلے نے اپنا ہاتھ گردن پر رکھا۔ وہ اپنا ہار کہیں بھول آئی۔ میرے ساتھ واپس چلو اُس نے اپنی دوستوں سے منت کی، لیکن اُس کی دوستوں نے دیر ہونے کی وجہ سے انکار کر دیا۔

اس لیے نوزیبیلے اکیلی درخت پر چلی گئی۔ اُسے اندھیرا لگا اور وہ گھر کی طرف بھاگی۔ لیکن وہ اندھیرے میں کھو گئی۔

دور فاصلے پر اُسے ایک جھونپڑی سے روشنی آتی دیکھائی دی۔ وہ بھاگتی ہوئی اُس کے پاس پہنچی اور دروازے پر دستک دی۔

وہ حیرت زدہ تھی، کہ ایک کتے نے دروازہ کھولا اور پوچھا ‘تمہیں کیا چاہیے؟’ نوزیبیلے نے کہا کہ میں کھو گئی ہوں، مجھے سونے کے لیے جگہ چاہیے۔ کتے نے کہا اندر آجاؤ ورنہ تو میں تمہیں کاٹوں گا۔ اس لیے نوزیبیلے اندر آگئی۔

پھر کتے نے کہا میرے لیے کھانا پکاؤ! لیکن میں نے کبھی کتے کے لیے کھانا نہیں بنایا اُس نے جواب دیا۔ پکاؤ، ورنہ میں تمہیں کاٹ لوں گا کتے نے کہا۔

اس لیے نوزیبیلے نے کتے کے لیے کچھ کھانا پکایا۔

پھر کتے نے کہا، میرے لیے بستر لگاؤ! نوزیبیلے نے جواب دیا میں نے کبھی کتے کے لیے بستر نہیں لگایا۔ کتے نے کہا بستر لگاؤ، ورنہ میں تمہیں کاٹ جاؤں گا۔ اس لیے نوزیبیلے نے بستر لگایا۔

ہر دن اُسے کھانا پکانا پڑتا اورکتے کے لیے صفائی ستھرائی کا خیال رکھنا پڑتا۔ پھر ایک دن کتے نے کہا نوزیبیلے آج مجھے کچھ دوستوں سے ملنے جانا ہے۔ گھر صاف کر دو۔ جب تک میں واپس آوں کھانا بناؤ اور میری چیزیں دھو دو۔

کتے کے جانے کے فوراً بعد نوزیبیلے نے اپنے سر سے تین بال نکالے۔ ایک بال اُس نے بستر کے نیچے رکھا، ایک بال دروازے کے پیچھے اور ایک بال جوڑے میں رکھا۔ پھر وہ گھر کی طرف بھاگی جتنا تیز وہ بھاگ سکتی تھی۔

جب کتا واپس آیا، اُس نے نوزیبیلے کو تلاش کیا۔ نوزیبیلے، تم کہاں ہو؟ وہ چلایا۔ میں یہاں ہوں بستر کے نیچے، پہلے بال نے آواز دی۔ میں یہاں ہوں دروازے کے پیچھے دوسرے بال نے آواز دی۔ میں یہاں باڑے میں ہوں، تیسرے بال نے آواز دی۔

پھر کتے کو پتہ چل گیا کہ نوزیبیلے اُس کے ساتھ کھیل کھیل رہی ہے۔ اس لیے وہ گاؤں کی طرف بھاگا۔ لیکن نوزیبیلے کے بھائی وہاں ہاتھوں میں بڑے بڑے ڈنڈے لیے اسکا انتظار کر رہے تھے۔ کتا واپس مڑا اور بھاگ گیا اور آج تک کبھی دکھائی نہیں دیا۔

# Global Storybooks

globalstorybooks.net

نوزیبیلے اور تین بال


Tessa Welch
Wiehan de Jager
Samrina Sana


CC BY